| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ڈ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے دو الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حرف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی اور حرف "ا تا ڈ" فلش کارڈ دکھا کر تلفظ، آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>الفاظ فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ڈ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ڈ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ڈ' ہے۔ یہ حروف تہجی کا تیرھواں حرف ہے۔ ڈ کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ ڈ کی شکل 'د' جیسی ہے۔ مگر اس کے اوپر ایک چھوٹی ط آتی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ڈ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ (ڈنڈا، ڈاکیا، ڈبہ ڈالی، ڈربہ، ڈبل روٹی اور ڈول) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے حرف 'ڈ' میں انگلی کی مدد سے رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ حرف 'ڈ' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ 'ڈ' کا ایک بڑا فلیش کارڈ بمعہ اشیاء کمرے کے ایسے حصے میں لگایا جائے گا جو بچوں کی پہنچ میں تا کہ بچے دو انگلیوں کی مدد سے اس کو ٹریس کرسکیں ہر بچے کو ایسا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ | 20 منٹ | 'ڈ' ورک شیٹ<br>مختلف رنگ<br>(پوسٹر کلر) | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ڈ' کی آواز پوچھی جائے گی حرف ڈ پر کیا آتا ہے؟ حرف 'ڈ' کون سے حرف کے بعد آتا ہے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ڈ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے چار الفاظ بتاسکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو''حرف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو'ڈ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ڈ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو'ڈ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>ڈگڈگی والا آیا بچو ڈگڈگی والا آیا بچو<br>ڈھول بھی اپنے ساتھ لایا ڈھول والے نے ڈھول بجایا<br>ڈھم ڈھم ڈھم<br>حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10منٹ | پلے ڈو ڈبے کے کٹ آؤٹس، | |
| | مرکزی سرگرمی: بچوں کو دو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ پہلا گروپ پلے ڈو کی مدد سے 'ڈ' کی شکل بنائیں گے۔ دوسرا گروپ حرف 'ڈ' سے ڈبہ کے کٹ آؤٹ میں چھوٹے چھوٹے کاغذ چسپاں کر کے ڈبے کو سجائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 32 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے حرف 'ڈ' پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔ حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے اور 'ڈ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ | 20منٹ | رنگین کاغذ، گلو<br>کتاب صفحہ نمبر 32 | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے ڈبہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>گھر کا کام:<br>ڈبے میں دیے گئے حرف 'ڈ' کے گرد دائرہ بنائیے۔ | 5منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ڈ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے چار الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڈ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ڈ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ڈ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ڈ' کی کہانی سنیں گے۔<br>ڈوڈو زخمی حالت میں ڈاکٹر کے کلینک پر پہنچا۔ اس نے دیکھا کہ وہاں ایک ڈاکیا خطوں کے ڈبے لے کر آیا ہے۔ ڈوڈو کے سر سے خون بہہ رہا تھا۔ ڈاکٹر نے اسے پٹی کی اور پوچھا کہ تمہیں کیا ہوا ہے۔ ڈوڈو نے بتایا کہ اُس کے سر پر ڈنڈا لگ گیا ہے۔ | 10 منٹ | ڈاکٹر، ڈاکیہ ڈبہ، ڈنڈا فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ پر ڈاکیا کا فلیش کارڈ لگا کر بچوں سے پوچھا جائے گا یہ کون ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ڈاکیا ڈاک خانے سے خط لے کر لوگوں۔تک پہنچاتا ہے تختہ سیاہ یا سفید بورڈ پر مختلف تصاویر چسپاں کی جائیں گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ چسپاں کی گئی تصاویر میں سے حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والی تصاویر کے گرد دائرہ لگانا ہے 'ڈ' کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | رنگین مارکر فلیش کارڈ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ڈنڈا، ڈاکیا کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ڈ‘ | دن: | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ڈ‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی**<br>: حرف ’ڈ‘ کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف ’ڈ‘ کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے ’ڈ‘ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف ’ڈ‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ڈ‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ڈ‘ سے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ڈالی، ڈربہ اور ڈبل روٹی کی تصاویر دکھائی جائے گی۔بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف ’ڈ‘ کی ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔جس میں وہ حرف دا اور ڈ میں سے حرف ڈ کی نشاندہی کریں گے۔بچوں سے ’ڈ‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 33 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں کو کہا جائے گا کہ دی گئی تصاویر کے نام بتایئے اور پوچھا جائے گا کہ چاند کی ابتدائی آواز کیا ہے؟ بچوں کو ’ڈ‘ کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور ’ڈ‘ پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | چاک<br>کتاب صفحہ نمبر<br>33 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ڈالی، ڈربہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ڈ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ڈ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ڈ' اور 'ڈ' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف کر رہے ہیں۔ بچوں سے Sand letters پر حرف 'ڈ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ڈ' پر پنسل پھیرنے کی کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ڈبہ، ڈاکیا، ڈالی، ڈنڈا، ڈربہ، ڈول کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ڈ' پر پنسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | Sand Letters<br>کاپی ورک | |